الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

اسلام آباد: 6 اکتوبر، 2022

آئندہ عام انتخابات کے لئے انتخابی فہرستوں پر نظر ثانی کا کام 7 نومبر 2021 سے شروع کیا گیا اور تمام مراحل کی تکمیل کے بعد حتمی انتخابی فہرستوں کی اشاعت ملک بھر میں مورخہ 7 اکتوبر 2022 کو شائع کی جارہی ہے۔ اس ضمن میں تمام تیاریاں مکمل ہوچکی ہیں۔

یاد رہے کہ الیکشن کمیشن نے تمام اہل افراد کے ناموں کا اندراج بطور ووٹر، تمام ایسے ووٹرز جو غیر متعلقہ انتخابی علاقہ جات میں درج تھے ان کے درست انتخابی علاقہ جات میں ٹرانسفر، فوت شدہ افراد کے ناموں کا انتخابی فہرستوں سے اخراج، اور شناختی کارڈ کے مطابق کوائف کی درستگی کے لئے الیکشن کمیشن نے اکتوبر 2021 ملک بھر میں انتخابی فہرستوں کی میعادی نظر ثانی کا کام شروع کرنے کا فیصلہ کیا تھا تاکہ اگلے عام انتخابات کے لیے ہر لحاظ سے درست انتخابی فہرستیں مہیا ہوسکیں۔

میعادی نظر ثانی کا عمل 8 اکتوبر 2021 سے انتظامی تیاریوں کے عمل سے شروع کیا گیا۔ جبکہ گھر گھر تصدیق کے عمل کا پہلا مرحلہ 7 نومبر تا 31 دسمبر 2021 کے دوران مکمل کیا گیا۔ اس عمل میں موجودہ انتخابی فہرستوں کو بطور ڈرافٹ استعمال کیا گیا جس میں 12 کروڑ 11 لاکھ ووٹرز موجود تھے۔

عوام الناس کی سہولت کے لیے، الیکشن کمیشن نے 26 نومبر سے 31 دسمبر 2021 کے دوران SMS 8300 کو بالکل مفت کر دیا تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ انتخابی فہرستوں میں اپنا یا اپنے اہل خانہ کے ناموں کے اندراج، کوائف کی درستگی یا درست انتخابی علاقہ میں اندراج کو یقینی بنا سکیں۔ اس سروس کے ذریعے ایک کروڑ 34 لاکھ افراد نے استفادہ حاصل کیا۔

بعد ازاں ابتدائی انتخابی فہرستیں 21 مئی تا 30 جون 2022 کے دوران ملک بھر میں قائم ڈسپلے سنٹرز پر عوام کے معائنہ کے لیے شائع کی گئیں۔

07 اکتوبر 2022 کو شائع کی جانے والی حتمی انتخابی فہرستوں میں موجود ووٹرز کے اعداد و شمار یہ ہیں۔

صوبہ	مرد	خواتین	کل ووٹرز
بلوچستان	2,878,032	2,212,825	5,090,857
خیبر پختونخوا	11,436,241	9,385,060	20,821,301
پنجاب	37,565,437	32,070,111	70,620,025
سندھ	14,008,265	11,655,674	25,663,939
اسلام آباد	518,193	466,284	984,477
میزان	**66,406,168**	**55,789,954**	**122,196,122**

Scanned with CamScanner

یہ بات ملحوظ خاطر رہے کہ ابھی بھی ووٹ کی درستگی ممکن ہے۔ ان حتمی انتخابی فہرستوں میں نئے ناموں کا اندراج، ووٹ کا ٹرانسفر یا اخراج اور کوائف کی درستگی کا عمل 7 اکتوبر کو 2022 کو اشاعت کرتے ہی شروع ہو جائے گا اور تمام ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع میں عوام کی سہولت کے لئے دفتری اوقات کار میں دستیاب ہوں گے۔

عوام الناس سے درخواست کی جاتی ہے کہ ابھی اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر 8300 پر SMS کریں اور حتمی انتخابی فہرستوں میں اپنے ووٹ کی تصدیق کریں۔ اگر آپ اپنا یا اپنی فیملی ممبر کے ووٹ میں تبدیلی چاہتے ہیں یا نئے نام کا اندراج کرانا چاہتے ہیں تو آج ہی متعلقہ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کے دفتر میں قائم سینٹر (one window service) میں فارم 21 یا کوائف کی درستگی کے لیے فارم 23 جمع کرائیں تاکہ آپ کے ووٹ کا اندراج، ٹرانسفر یا درستگی کی جائے۔ علاوہ ازیں اسی سنٹر پر اپنے علاقے کی انتخابی فہرست کا معائنہ کریں اور کسی بھی غیر متعلقہ ووٹ یا فوت شدہ شخص کے نام کے اخراج کے لیے فارم 22 جمع کرائیں۔

عوام کی سہولت کے پیش نظر الیکشن کمیشن نے ملک بھر میں 2080 فارم وصولی مراکز بھی قائم کردیے ہیں جو ہر تحصیل میں موجود اسسٹنٹ رجسٹریشن افسران کے دفاتر میں موجود ہیں۔ یہ تمام فارم ان سنٹرز پر بھی جمع کروائے جا سکتے ہیں۔ ملک بھر میں قائم ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنروں کے دفاتر میں فارم جمع کروانے کے سینٹروں کی معلومات الیکشن کمیشن کی آفیشل ویب سائٹ (website) پر ملاحظہ کریں۔ یہ معلومات Click ECP App پر بھی موجود ہیں جو عوام الناس اپنے سمارٹ فون میں install کر سکتے ہیں۔

یاد رہے ووٹ کا اندراج، اخراج یا اس کی تصحیح عام انتخابات کے اعلان سے قبل تک کرائی جا سکتی ہے۔

یاد رہے کہ نئی حتمی انتخابی فہرستوں کی اشاعت کے ساتھ ہی الیکشن کمیشن آف پاکستان ایس ایم ایس سروس پر ووٹرز کے کوائف اپڈیٹ کر دیئے جائیں گے۔ یاد رہے 16 اکتوبر 2022 کو ہونے والے ضمنی انتخابات اور 23 اکتوبر 2022 کو ہونے والے کراچی ڈویژن بلدیاتی انتخابات پرانی ووٹر لسٹوں پر ہوں گے۔ اور اس سلسلہ میں نئی ووٹر لسٹ استعمال نہیں ہوگی۔

جبکہ 16 اکتوبر 2022 کو ہونے والے ضمنی انتخابات اور 23 اکتوبر 2022 کو کراچی ڈویژن بلدیاتی انتخابات کے متعلقہ حلقوں کے ووٹروں کو الیکشن کمیشن موبائل 8300 سروس کے ذریعے پرانی ووٹر لسٹوں کے مطابق معلومات فراہم کی جائیگی

******

Scanned with CamScanner